ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: عمر خیام

جلد02	جمعۃ المبارک 16 فروری 2024ء، 05 شعبان 1445ھ 03 پھاگن 2080	صفحات04/ قیمت20روپے	شمارہ نمبر302

جامعہ پونچھ میں مقامی فارمرز کو اعلیٰ معیار کے پھلدار پودوں کی فراہمی شروع

مختلف اقسام کے پھلدار پودے جامعہ پونچھ اور سوات ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے باہمی تعاون سے تیار کیے گئے، خریداروں کا اظہار دلچسپی

پودوں کی ارزاں نرخوں پر فراہمی کا مقصد مقامی سطح پر معیاری پھلوں کی پیداوار اور زرعی رجحان کا فروغ ہے، ڈین ایگریکلچر ڈاکٹر ناصر رحیم

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کے ایگریکلچر ریسرچ فارم اور سوات ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے دوطرفہ تعاون سے تیار کردہ مختلف اور اعلیٰ اقسام کے پھلدار پودے فیکلٹی آف ایگریکلچر میں "مقامی فارمرز" کو فروخت کیلئے پیش کر دیے گئے ہیں۔ پھلدار پودوں کی خریداری میں مقامی فارمرز انتہائی دلچسپی کا اظہار کر رہے ہیں۔ پھلدار پودوں کو عام افراد کو فروخت کیلئے پیش کیے جانے کے موقع پر ڈین فیکلٹی آف ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ، جامعہ پونچھ کی ایگریکلچر فیکلٹی میں پھلدار پودوں کی فراہمی کے موقع پر ڈین ایگریکلچر ڈاکٹر ناصر رحیم ایک خریدار کو پودا پیش کر رہے ہیں ڈاکٹر امتیاز اور دیگر بھی موجود ہیں

نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ جامعہ پونچھ کی
ایگریکلچر فیکلٹی میں ہر سال اعلیٰ اقسام کے پھلدار پودے
انتہائی مناسب دام پر فروخت کیلئے پیش کیے جاتے ہیں
جس کا مقصد مقامی سطح پر اعلیٰ اقسام کے پھل دار پودوں
کی فراہمی کیساتھ لوگوں میں زراعت کی جانب رجحان کو
فروغ دینا ہے۔ انھوں نے کہا کہ جامعہ پونچھ کی جانب
سے فراہم کردہ پودے اعلیٰ معیار کے ہیں جو ملک کے
ایگریکلچر ماہرین کی سرپرستی میں تیار کیے جاتے ہیں
۔ مقامی سطح پر ان پودوں کی مانگ میں ہر سال اضافہ ہو
رہا ہے۔ جس کی وجہ مارکیٹ سے انتہائی کم نرخوں پر
فراہمی کیساتھ اعلیٰ معیار بھی ہے۔ دریں اثناء پودوں کی
فروخت کے پہلے روز مقامی فارمرز نے انتہائی دلچسپی کا
اظہار کیا اور بڑی تعداد میں خریداری کی۔ اس موقع پر
ڈپٹی ڈائریکٹر ایگریکلچر فارم ظہیر احمد نے خریداروں کو
پودوں کی اقسام اور معیار سے متعلق بریفنگ دی۔